میں اندھڑ قبیلہ کا ارتقاء، پانچویں، چھٹے، ساتویں اور آٹھویں میں سرداروں کے حالات، علماء و مشائخ کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔نویں میں خانقاہوں، دسویں میں مساجد، گیارہویں میں دیگر قبائل سے تعلق کو بیان کیا گیا، آخر میں مصادر و مراجع ہیں۔

کتاب کا نام: گلدستہ (فہرست مضامین قرآن کریم)

مصنف: انجینئر کے ایم سندھو

ناشر: ایضارابطہ KMSANDHU@GMAIL.COM

قیمت وصفحات: بلا معاوضہ ای میل پر طلب کی جاسکتی ہے، ۱۷۶ صفحات

یہ مضامین قرآن کریم کا مجموعہ ہے، اس میں مولانا فتح محمد جالندھری اور ترجمہ شیخ الہند مولانا محمود الحسن (تفسیر عثمانی) سے مدد لی گئی ہے، دونوں تراجم مستند ہیں۔مؤلف نے قرآن کریم سے متعلق معلومات بھی فراہم کی ہیں، قرآنی سورتوں کی ترتیب پر ہر سورہ کے اہم مضامین کو مختصر عنوان کی صورت میں ترتیب سے جمع کر دیا ہے، خواہش مند ای میل پر رابطہ کر کے کاپی منگوا سکتے ہیں۔طلباء اور ریسرچ اسکالر کے لئے یہ بلا معاوضہ کتاب بہت مفید ہے، اللہ تعالیٰ مؤلف کو اجر عظیم عطا فرمائے اور مزید خدمت کی توفیق دے۔

کتاب کا نام: کارٹون بینی، ویڈیو گیم، اور مسلمان بچے

مصنف: مفتی محمد شہزاد

ناشر: رطیب پبلیشرز، ۲۰۱۴ء

قیمت وصفحات: درج نہیں، ۳۲ صفحات

مفتی شہزاد صاحب فاسٹ یونیورسٹی میں اسلامیات کے لیکچرار ہیں اور امت کے نوجوانوں کی اصلاح کا جذبہ رکھتے ہیں، اسی درد کے ساتھ یہ کتابچہ تحریر کیا ہے۔مفتی سعید احمد صاحب اور ڈاکٹر زبیر احمد کی تقریظ ہے، آپ نے بچوں کی تربیت کو قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کیا ہے اور کارٹون کے ذریعہ بچوں کے ذہن کو خراب کرنے کی جو عالمی سازشیں چل رہی ہیں انہیں اجاگر کیا ہے، اور مضر اثرات کی نشاندہی کی گئی ہے، والدین کو بچوں کی تربیت کے لئے اس کتابچہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

کتاب کا نام: پہچان (رفیق احمد نقش نمبر) شمارہ ۲۶ جنوری تا ستمبر ۲۰۱۴ء

مصنف: ڈاکٹر ذوالفقار علی دانش

ناشر: ادارہ پہچان میرپور خاص

قیمت وصفحات: ۴۰۰ روپے ۳۶۸ صفحات